نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے سبزیات کی کاشت بارے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور:16 مارچ 2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق موسم گرما میں اُگائی جانے والی سبزیوں کریلہ، گھیا کدو، چپن کدو، کالی توری، بھنڈی توری، بینگن، ٹماٹر، سبز مرچ، شملہ مرچ، تر اور کھیرا کی کاشت کا وقت آخر مارچ تک ہے۔ موسم گرما کی سبزیاں 20 سے 35 درجہ سینٹی گریڈ کے دوران بہترین نشوونما پاتی ہیں۔ اس سے زیادہ یا کم درجہ حرارت پر پیداوار متاثر ہو سکتی ہے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ سبزیوں کی کاشت کے لیے اچھے نکاس اور نامیاتی مادے والی زرخیز میرا زمین ہونی چاہیے۔ سبزیوں کی کاشت سے ایک دو ماہ پہلے گوبر کی گلی سڑی کھاد بکھیر کر زمین میں ملا دیں تاکہ گوبر کی کھاد زمین کا حصہ بن جائے۔ بیج ایسی اقسام کا منتخب کیا جائے جو کہ موسمی حالات کے مطابق ہو۔ کیڑے مکوڑوں اور بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت رکھتے ہوں اور بیج کی شرح اُگاؤ 80 فیصد سے کم نہ ہو ٹماٹر اور مرچ کی کاشت بذریعہ پنیری کریں جب پنیری کی عمر 30 تا 35 دن ہو جائے تو اس پنیری کو پٹڑیوں پر سفارش کردہ فاصلہ کے مطابق منتقل کریں۔ کریلہ، گھیا کدو، چپن کدو، گھیا توری، تر، کھیرا اور بھنڈی توری کی کاشت پٹڑیوں کے دونوں جانب کریں۔

☆☆☆☆